Fikr-o-Nasar (Islamabad) 17:11 (1980) © rasailojaraid.com



## ابدالیہ

تالیف : شیخ یعقوب چرخی

تصحیح و تحشیہ : محمد نذیر رانجھا

ناشر : مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ۔ اسلام آباد

صفحات : ۸۴ قیمت : -/۲۰ روپے

حضرت شیخ یعقوب چرخی (م ۸۵۱ھ) کے رسالہ ابدالیہ کے اُردو ترجمہ پر ماہنامہ "فکر و نظر" بابت اکتوبر ۱۹۷۸ء میں تبصرہ شائع ہوا تھا۔ اس کے بعد رسالہ کے مترجم جناب محمد نذیر رانجھا نے اصل فارسی متن بھی مرتب کر دیا تھا جو مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان اسلام آباد نے شائع کیا ہے۔

رانجھا صاحب نے کتب خانہ سراجیہ موسیٰ زئی شریف میں موجود خطی نسخے کو بنیاد بنایا ہے اور تین مزید خطی نسخوں کے اختلافات حواشی میں درج کئے ہیں۔ آغاز میں مرتب کے قلم سے "پیش گفتار" ہے جس میں شیخ یعقوب چرخی کے احوال و آثار پر جامعیت سے گفتگو کی گئی ہے۔ متن میں جن مشاہیر کا ذکر آیا ہے۔ ان کا تعارف "تعلیقات" کی صورت میں لکھا گیا ہے۔

جناب رانجھا نے زیر نظر اشاعت میں وہ تمام فروگذاشتیں درست کر دی ہیں جن کی نشاندہی راقم الحروف نے رسالہ ابدالیہ کے ترجمے پر تبصرہ کرتے ہوئے کی تھی۔ جناب رانجھا شیخ یعقوب چرخی کی دوسری تالیفات پر کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے رسالہ انسیہ (ملفوظات و مناقب حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبندؒ) کا اردو ترجمہ کیا ہے۔

رسالہ ابدالیہ کا زیر نظر ایڈیشن اشاعت و طباعت کے اعتبار سے تعریف کا مستحق ہے۔

(اختر راہی)

© rasailojaraid.com